## صحت تحفظ پلس کیا ہے؟

صحت تحفظ پلس یو بینک کسٹمرز کے لئے ایک ہیلتھ پراڈکٹ ہے، جو کسی بھی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں مالی فائدہ پہنچاتی ہے۔ پلان کی شرائط کو صارفین کی آسانی کے پیشِ نظر انتہائی آسان رکھا گیا ہے۔ پراڈکٹ حاصل کرنے کے لئے میڈیکل چیک اپ ضروری نہیں۔ مزید یہ کہ پینل ہسپتال کی کوئی قید نہیں۔
صارفین اپنی مرضی کے ہسپتال کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

تمام یو بینک کسٹمرز جن کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہے، معمولی فیس کی ادائیگی کے بعد صحت تحفظ پلس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس سہولت میں دو پلان ہیں جنکی معلومات مندرجہ ذیل ہیں:

### پلان 1: یو بینک کے تمام کسٹمرز کے لئے

| | |
|---|---|
| ہسپتال میں داخلے کا فائدہ | 2,000 روپے فی دن |
| ICU میں داخلے کا فائدہ | 4,000 روپے فی دن |
| سالانہ فیس | 600 روپے |

### پلان 2: خاص طور پر یو بینک کی خواتین کسٹمرز کے لئے

| | |
|---|---|
| ہسپتال میں داخلے کا فائدہ | 2,000 روپے فی دن |
| ICU میں داخلے کا فائدہ | 4,000 روپے فی دن |
| سی سیکشن کا فائدہ | 20,000 روپے |
| سالانہ فیس | 850 روپے |

## کوریج کب شروع ہوگی؟

صحت تحفظ پلس کے منتخب کردہ پلان کا پریمیم ادا کرتے ہی صحت تحفظ پلس کے تحت آپ کی ہیلتھ کوریج کا آغاز ہو جائے گا۔ تاہم صرف بیماری کی صورت میں ہسپتال میں داخلے کے لئے 15 دن کی مدت کا اطلاق ہوگا حادثات کی صورت میں ہسپتال میں داخلے پر یہ پابندی لاگو نہیں ہوگی۔ یاد رہے کہ سالانہ فیس ایک فرد کو کور کرتی ہے۔

## کیا صارف کسی بھی ہسپتال میں جا سکتا ہے؟

جی ہاں! اس سہولت میں پینل ہسپتال کی قید نہیں ہے۔ آپ علاج کے لئے پاکستان بھر میں کسی بھی رجسٹرڈ ہسپتال سے رجوع کر سکتے ہیں۔ رجسٹرڈ ہسپتال کا مطلب ایسا ادارہ ہے:

- جو پاکستانی قوانین کے مطابق علاج کی سہولت فراہم کرنے کا لائسنس رکھتا ہو۔
- جہاں ڈائیگنوسٹک اور لیبارٹری ٹیسٹ، طبی تشخیص، علاج معالجے اور سرجیکل کی بنیادی سہولیات دستیاب ہوں۔
- جہاں ان ہاؤس فزیشن انچارج کی زیرِ نگرانی 24 گھنٹے رجسٹرڈ گریجویٹ نرسز پر مشتمل نرسنگ سروس دستیاب ہو۔
- جہاں باقاعدہ دستاویزی ضابطے اور طریقہ کار کے تحت مریض کو مناسب طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہوں۔
- جہاں روزانہ کی بنیاد پر ہر مریض کا میڈیکل ریکارڈ رکھا جاتا ہو اور انشورنس کمپنی کے لئے ریکارڈ تک رسائی آسان ہو۔

## کسی کلینک میں داخلے کی صورت میں کوئی فائدہ ہوگا؟

کلینک میں داخلہ، ہسپتال میں داخلہ تصور نہیں کیا جائے گا اور آپ ہسپتال میں داخلے کا فائدہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔

## اس کے فوائد کی حدود کیا ہیں؟

پلان کی مدت ایک سال ہے جو فیس کی ادائیگی سے شروع ہوگی۔ ہسپتال میں داخلے کی کوریج زیادہ سے زیادہ 30 دن ہے۔ جب کہ پورے سال میں داخلوں کی زیادہ سے زیادہ کوئی حد نہیں ہے۔ پلان 2 کے تحت سال میں ایک سی سیکشن کلیم کیا جا سکتا ہے۔ کوریج مندرجہ ذیل کسی ایک بھی صورت میں ختم ہو جائے گی۔

- جب آپ 65 سال کے ہو جائیں گے۔
- جب آپ آئندہ سال کے لئے صحت تحفظ پلس پلان کا پریمیم ادا نہیں کریں گے۔
- جب آپ صحت تحفظ پلس کے تحت جعلی کلیم داخل کریں گے۔

## کیا صارف ایک سے زیادہ مرتبہ پراڈکٹ حاصل کر سکتا ہے؟

ایک شناختی کارڈ پر صرف ایک سال میں ایک ہی دفعہ رجسٹریشن کروائی جا سکتی ہے۔

## کلیم کا طریقہ کیا ہے؟

کلیم کا طریقہ بہت آسان ہے۔ اگر آپ کو ہسپتال میں داخل ہونا پڑ جائے تو درج ذیل ہدایات پر عمل کریں:

- ہسپتال میں قیام سے متعلق ہیلپ لائن 0518466466 پر اطلاع دیں۔ یہ اطلاع آپ کے ساتھ موجود کوئی رشتہ دار بھی دے سکتا ہے۔
- جب آپ ہسپتال سے ڈسچارج ہوں تو کلیم ہیلپ لائن پر دوبارہ اطلاع دیں۔ ہمارا نمائندہ کلیم کرنے میں آپ کی رہنمائی کرے گا۔
- کلیم کی ادائیگی کے لئے ضروری ہے کہ اطلاع ہسپتال سے اخراج کے 15 یوم تک کر دی جائے۔

## کلیم داخل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل دستاویزات فراہم کریں

- ہسپتال کا ریکارڈ جس میں تاریخ داخلہ، تاریخ رخصت، تشخیص اور علاج کی تفصیلات درج ہوں۔
- اپنی شناختی کارڈ کی کاپی
- اپنے ڈاکٹر کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ
- کلیم فارم جس پر آپ دستخط کریں گے
- حادثے، تشدد اور اقدامِ خودکشی کے شبے کی صورت میں ہسپتال میں داخل ہونے پر پولیس اور میڈیکولیگل رپورٹ درکار ہوگی۔
- آپ کا کلیم مکمل دستاویزات جمع کرانے کے 5 کاروباری دنوں (وہ دن جن میں بینک کھلے ہوں) میں ادا کر دیا جائے گا۔ کلیم کی رقم بذریعہ چیک ادا کی جائے گی۔ ادائیگی کے لئے ضروری ہے کہ مکمل دستاویزات ہسپتال سے اخراج کے 15 دن کے اندر مائیکرو انشورکو ارسال کر دی جائیں

## کسٹمر کاپی

کورڈ فرد کا نام:

یوم پیدائش: تاریخ مہینہ سال

اکاؤنٹ نمبر

کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر

اجراء کی تاریخ

سالانہ فیس

برانچ کی تصدیق/مہر

صحت تحفظ پلس سے متعلق معلومات اور کلیم کے لئے کال کریں 0518466466

## بینک کاپی

کورڈ فرد کا نام:

یوم پیدائش: تاریخ مہینہ سال

کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر

اکاؤنٹ نمبر

اجراء کی تاریخ

سالانہ فیس

میں نے صحت تحفظ پلس کے قواعد و ضوابط کو سمجھ لیا ہے۔ میں یو بینک کو اپنے اکاؤنٹ سے اوپر درج کی گئی رقم منہا کرنے کا اختیار دیتا ہوں۔

کسٹمر کے دستخط ______________

Ubank microfinance

MICROENSURE

# صحت تحفظ پلس



## کن صورتوں میں کلیم تسلیم نہیں کیا جائے گا؟

- اگر کلیم کسی ایسی بیماری یا حادثے کی وجہ سے کیا جائے جو صحت تحفظ پلس لینے سے پہلے موجود تھی
- منشیات کا استعمال، شراب نوشی اور زہر خورانی
- اقدام خودکشی، دانستہ یا نادانستہ خود کو ذخمی کرنے کے صورت میں
- ایک دفعہ ہسپتال میں رہنے کی صورت میں دوبارہ انہی وجوہات کے نتیجے میں ہسپتال میں داخلے کے کلیم پر 30 دن کے ویٹنگ پیریڈ کا اطلاق ہوگا۔
- حمل اور زچگی اور ان سے منسلک کسی پیچیدگی کی صورت میں (سوائے سی سیکشن آپریشن کے جو صرف پلان 2 میں کورڈ ہے)

## ضروری معلومات

- یو مائیکروفنانس بینک صحت تحفظ پلس کے ڈسٹری بیوٹر ہیں۔ صارفین کے کلیم کی ادائیگی ان کی ذمہ داری نہیں ہے۔
- مائیکروانشور پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ صحت تحفظ پلس کے انتظامی امور میں سروسز فراہم کر رہا ہے۔
- ای ایف یو لائف انشورنس لمیٹڈ صحت تحفظ پلس کی بیمہ کمپنی ہے اور کلیم کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار ہے۔

## ای ایف یو لائف انشورنس لمیٹڈ کا پتہ

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، اسٹریٹ نمبر 8، فیز 1، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان

فون: 111 338 111 021، فیکس: 34535079 021

## مائیکروانشورنس پاکستان لمیٹڈ کا پتہ

مائیکروانشورنس پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ

پلاٹ نمبر 77، فرسٹ فلور، اسٹریٹ نمبر 10، سیکٹر I-9/2، اسلام آباد

efu

LIFE

Zaroori Hai

ریلیشن شپ آفیسر کا نام: ____________________

____________________

فون نمبر: ____________________